ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان کی نظریں بقیہ میچز جیت کر سیمی فائنل میں پہنچنے پر مرکوز

- مکی آرتھر پُر اُمید ہیں کہ ٹیم سیمی فائنل میں پہنچ سکتی ہے

چنئی26 اکتوبر، 2023ء:

پاکستان ٹیم جمعہ کے روز ورلڈ کپ میں اپنا چھٹا میچ جنوبی افریقہ کے خلاف کھیلنے والی ہے لیکن سب سے اہم بات یہ ہے کہ وہ اس ٹورنامنٹ میں موجود رہنے کے لیے بہت زیادہ بے قرار ہے۔

پاکستان ٹیم نے ورلڈ کپ کا آغاز بہت اچھا کیا تھا اور ہالینڈ اور سری لنکا کے خلاف اپنے پہلے دو میچز شاندار انداز میں جیتے تھے لیکن پھر اسے لگاتار تین میچوں میں شکست کا سامنا کرنا پڑا جو انڈیا، آسٹریلیا اور افغانستان کے خلاف تھے۔

پاکستان ٹیم کی ایک خاص بات یہ ہے کہ وہ ہمیشہ مشکل صورتحال میں غیر معمولی پرفارمنس دیتی ہے جس کی ایک مثال گزشتہ سال ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں اس کا فائنل میں پہنچنا ہے اس سے قبل 2017 کی چیمپئنز ٹرافی کو بھی کون بھول سکتا ہے جب ٹورنامنٹ میں خراب آغاز کے باوجود اس نے زبردست پرفارمنس دیتے ہوئے نہ صرف فائنل تک رسائی حاصل کی تھی بلکہ اسے جیتا بھی تھا۔

پاکستان ٹیم کے ڈائریکٹر مکی آرتھر کو امید ہے کہ ٹیم جمعہ کے روز اسی طرح کا موڑ اختیار کرے گی۔

مکی آرتھر پی سی بی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم نے چینج روم میں کہا ہے کہ ہمارے پاس ورلڈ کپ جیتنے کے لیے اب چھ میچ ہیں اور ہمیں اس تسلسل پر آنا ہو گا اور چھ میچ جیتنے ہونگے۔ ہمیں بحیثیت یونٹ پتہ ہے ہمیں بحیثیت ٹیم پتہ ہے کہ ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہو گا کہ ہماری حکمت عملی سو فیصد رہے۔ ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہو گا کہ ہماری حکمت عملی پر عملدرآمد سو فیصد رہے اگر ہم ایسا کر لیتے ہیں تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ ہم ورلڈ کپ نہ جیت سکیں۔

مکی آرتھر کا کہنا ہے کہ ان کا نہیں خیال کہ پچھلے تین میچوں میں مہارت اس جگہ موجود رہی جہاں اس کی ضرورت تھی لیکن ان کھلاڑیوں میں مہارت موجود ہے اب یہ ہم کوچز کا کام ہے کہ ہم انہیں اعتماد دے کر اور یہ یقین دلا کر کہ یہ کھلاڑی صورتحال بدل سکتے ہیں اس بات کو یقینی بنائیں کہ جمعہ کے روز ان سے اچھی کارکردگی لی جائے۔

مکی آرتھر کا کہنا ہے کہ ہم ابھی تک یکجا ہو کر نہیں کھیل پائے ہیں نہ ہی ہم نے میچ مکمل کھیلا ہے اب یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ یہ یقین دلایا جائے کہ ہم ایک پرفیکٹ گیم یکجا ہو کر کھیل سکتے ہیں ہمیں پتہ ہے کہ ہمارا پرفیکٹ گیم بہت اچھا ہے جو کسی بھی ٹیم کو ہرا سکتا ہے۔ یہ اس لیے بھی ضروری ہے ٹیم میں یہ بہت بڑی خواہش ہے۔ تمام کھلاڑی پریکٹس میں بہت زیادہ کوششیں کر رہے ہیں۔

مکی آرتھر کہتے ہیں کہ یہ کھلاڑیوں کی کوششوں کا مسئلہ نہیں ہے یہ رویے کا بھی مسئلہ نہیں ہے۔ مسئلہ صرف دباؤ میں اپنی مہارت پر مکمل عملدرآمد نہ کرنے کا ہے جس پر پریکٹس میں ہم مسلسل کام کر رہے ہیں۔

مکی آرتھر کا کہنا ہے کہ جنوبی افریقہ بہت اچھی ٹیم ہے اسوقت وہ بہت اچھا کھیل رہی ہے جس کی وجہ سے وہ مکمل طور پر اعتماد میں ہے لہذا وہ یہ سمجھتے ہیں کہ اگر پاکستان ٹیم اپنی بنیادی باتوں اور ڈسپلن پر کاربند رہے، ہماری مہارت سامنے آئی تو ہم کسی کو بھی ہرا سکتے ہیں۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficia